حیسکو پریس ریلیز مورخہ 16.09.2026:

بجلی چور ہمارا دشمن ہے، ہماری تمام تر توجہ بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن ہالی روڈ، رضوی اسپتال، ٹنڈو الہیار-I، بھان سعید آباد، ٹھٹھہ، سکرنڈ، جھول، اور میرواہ گورچانی میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 257 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے، 7 عدد بجلی کے میٹر، 1840 میٹر غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 26 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی۔ حیسکو ترجمان۔

19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 73800 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے جا چکے ہیں جبکہ 1050 ملزمان گرفتار کیا گیا، 3871 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے، 410054 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 878 ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 47 کروڑ 74 لاکھ 6 ہزار سے زائد ریکوری کیے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں، بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن، رضوی اسپتال، ٹنڈو الہیار-I، بھان سعید آباد، ٹھٹہ، سکرنڈ، جھول، اور میرواہ گورچانی میں کارروائیاں کی گئیں، ریجن بھر میں 257 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے، 7 عدد بجلی کے میٹر، 1840 میٹر غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 26 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی، 19 جنوری 2025 سے جاری آپریشن کے دوران اب تک 73800 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے جا چکے ہیں جبکہ 1050 ملزمان گرفتار کیا گیا، 3871 عدد الیکٹرک میٹر منقطع کیے گئے، 410054 میٹر پی وی سی منقطع کی گئی ہے، 878 ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے ہیں، جبکہ واجبات میں سے 1 ارب 47 کروڑ 74 لاکھ 6 ہزار سے زائد ریکوری کیے گئے ہیں، تفصیلات کے مطابق ایس ای آپریشن سرکل حیدرآباد سرکل عقیل نور میمن کی ہدایت پر ڈویژن لطیف آباد کی سب ڈویژن ہالی روڈ، رضوی اسپتال اور ڈویژن ٹنڈو الہیار کی سب ڈویژن ٹنڈو الہیار-I میں کارروائیوں کے دوران 150 غیر قانونی کنکشن منقطع اور 510 میٹر غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 8 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل لاڑ سہیل احمد شیخ کی ہدایت پر ڈویژن کوٹری کی سب ڈویژن بھان سعید آباد اور ڈویژن ٹھٹہ کی سب ڈویژن ٹھٹہ میں کارروائیوں کے دوران 81 غیر قانونی کنکشن اور 1000 میٹر بجلی کی تاریں منقطع کی گئیں جبکہ واجبات کی مد میں 6 لاکھ 80 ہزار سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل نواب شاہ گلزار احمد دستی کی ہدایت پر ڈویژن نواب شاہ کی سب ڈویژن سکرنڈ اور ڈویژن سانگھڑ کی سب ڈویژن جھول میں کارروائیوں کے دوران 26 غیر قانونی کنکشن 7 بجلی کے میٹر منقطع اور 265 میٹر غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 8 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، ایس ای آپریشن سرکل میرپور خاص سرکل فرمان علی ڈاہانی کی ہدایت پر ڈویژن میرپور خاص کی سب ڈویژن میرواہ گورچانی میں کارروائیوں کے دوران 65 میٹر غیر قانونی تارکاٹ کر تحویل میں لی گئی جبکہ واجبات کی مد میں 1 لاکھ سے زائد ریکوری کی گئی، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک وقوم کا مجرم ہے لہٰذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویژنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس ذمیدار ہوگا ہماری کاروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمے تک جاری رہیں گے، بجلی چور ملک قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ عوام کو چاہیے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تاکہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جاسکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تاکہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔







چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب میں بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں